## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کے درمیان ٹیلیفون پر بات چیت

## ملک میں دہشت گردی، قبائلی علاقوں کی سنگین صورتحال، تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی، اسٹاک مارکیٹوں کے بحران اور معاشی واقتصادی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## ملک نہ صرف داخلی طور پر غیر مستحکم ہورہا ہے بلکہ لوگوں کو اب ملک کی سلامتی وبقاء کے بارے میں بھی فکرلاحق ہوگئی ہے۔اس وقت بنیادی چیز یہ ہے کہ ملک کو کس طرح بچایا جائے۔الطاف حسین، شیخ رشید

لندن۔۔۔22 جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے ملک کی تیزی سے بگڑتی ہوئی معاشی واقتصادی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔دونوں رہنماؤں کے درمیان آج ٹیلیفون پر بات چیت ہوئی۔بات چیت میں دونوں رہنماؤں نے ملک میں دہشت گردی، قبائلی علاقوں کی سنگین صورتحال، تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی، اسٹاک مارکیٹوں کے بحران اور معاشی واقتصادی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور ملک کی سنگین ہوتی ہوئی صورتحال پر سخت تشویش کا اظہار کیا۔دونوں رہنماؤں نے بات چیت میں اس بات پر اتفاق کیا کہ ملک میں ایک طرف دہشت گردی ہورہی ہے، قبائلی علاقوں میں خانہ جنگی ہورہی ہے، امن وامان خراب ہے، اغوابرائے تاوان اور جرائم کی دیگر وارداتوں میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔دوسری طرف ملک کی معاشی واقتصادی صورتحال روز بروز سنگین ہورہی ہے، روپیہ کی قدر مسلسل گررہی ہے، پیٹرولیم اور دیگر اشیائے صرف کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں، شدید مہنگائی کے باعث غریب ومتوسط طبقہ کے لوگ خودکشی کررہے ہیں، عوام میں مایوسی پھیل رہی ہے اور بہت سے لوگ تو پریشان ہوکر اپنے بچوں کو فروخت کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔جناب الطاف حسین اور شیخ رشید نے اس بات سے بھی اتفاق کیا کہ ملک نہ صرف داخلی طور پر غیر مستحکم ہورہا ہے بلکہ لوگوں کو اب ملک کی سلامتی وبقاء کے بارے میں بھی فکرلاحق ہوگئی ہے۔دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ اس وقت بنیادی چیز یہ ہے کہ ملک کو کس طرح بچایا جائے۔دونوں رہنماؤں نے ملک کی سنگین سیاسی، معاشی واقتصادی صورتحال میں مشترکہ کوششیں کرنے پر بھی اتفاق کیا۔جناب الطاف حسین اور شیخ رشید نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ قوم کو اس مایوس کن صورتحال سے نکالنے کیلئے محبِّ وطن سیاسی ومذہبی جماعتوں کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔

## خالد شہنشاہ کا قتل شہر کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا حصہ ہے۔رابطہ کمیٹی

## امن دشمن عناصر دہشت گردی کی کارروائیاں کرکے حکومت کو غیر مستحکم اور شہر کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں

## پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف زرداری، دیگر رہنماؤں، کارکنوں اور خالد شہنشاہ کے لواحقین سے ایم کیوایم کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22 جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پیپلز پارٹی کے رہنما خالد شہنشاہ کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو شہر کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا حصہ قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ خالد شہنشاہ کا قتل ایک سنگین واقعہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن عناصر دہشت گردی کی کارروائیاں کرکے حکومت کو غیر مستحکم اور شہر کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ خالد شہنشاہ کے قتل کی تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے خالد شہنشاہ کے قتل پر پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری، دیگر رہنماؤں، کارکنوں اور خالد شہنشاہ کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ خالد شہنشاہ کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## پاکستان سنگین خطرات سے دوچار ہے، سلیم شہزاد

## لندن کے علاقے ٹوٹنگ میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب

لندن۔۔۔22، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہاہے کہ پاکستان سنگین خطرات سے دوچار ہے لہٰذا تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اپنے باہمی اختلافات بھلاکر پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے مثبت کردارادا کریں ۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم یوکے ٹوٹنگ یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔ اجلاس میں ایم کیوایم یوکے یونٹ کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان مجاہدعمر، علی مرتضیٰ اورریحان عباسی بھی موجود تھے ۔اس موقع پرلندن میں مقیم میمن کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے متعددنوجوانوں اور بزرگوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سلیم شہزاد نے کہاکہ پاکستان اندرونی وبیرونی خطرات سے دوچار ہے اور پاکستان کی سلامتی اسی میں ہے کہ ملک کی تمام جمہوری اورلبرل جماعتیں اپنے سیاسی ونظریاتی اختلافات بھلاکر پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے مثبت کردارادا کریں ۔انہوں نے کہاکہ ملک میں بڑھتی ہوئی مذہبی انتہاء پسندی نے پاکستان کی سلامتی کوخطرے میں ڈال رکھاہے اوراگر پاکستان کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں نے ہوش مندی کا مظاہرہ نہ کیااورطالبانائزیشن کے عمل کو نہ روکا تو ملک وقوم کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے ۔سلیم شہزاد نے ایم کیوایم کے فکروفلسفہ اورقائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت سے متاثر ہوکرایم کیوایم میں شمولیت اختیارکرنے والے میمن کمیونٹی کے نوجوانوں اور بزرگوں کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہاکہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام تیزی سے پھیل رہاہے اورانشاءاللہ وہ دن ضرورآئے گا جب پاکستان سے ظلم وناانصافی کے نظام کا خاتمہ ہوجائے گا ۔ اجلاس سے ایم کیوایم یوکے یونٹ کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش نے بھی خطاب کیا ۔

## ٹوٹنگ سے تعلق رکھنے والے میمن نوجوانوں اور بزرگوں کی جانب سے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

لندن۔۔۔22، جولائی 2008ء

لندن کے علاقے ٹوٹنگ سے تعلق رکھنے والے میمن کمیونٹی کے نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورحق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکرایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاداورایم کیوایم یوکے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے ۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں وسیم انور، مصطفیٰ احمد، محمد ناصر، عرفان طیب، فراز ہاشمی، شہزاد ذکریا، عثمان شان، عمیرالطاف، محمد اسلم، عبدالستار، محمد افروزاورمحمد علی شامل ہیں ۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے میمن کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بزرگوں کا خیرمقدم کیااورانہیں مبارکباد بھی پیش کی ۔

## سہیل سمیع شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔22/جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم ملیرسیکٹر یونٹ 97 کے کارکن سہیل سمیع کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورمطالبہ کیاہے کہ سہیل سمیع کے سفاک قاتلوں کوگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہاکہ گزشتہ جمعہ کومسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم لانڈھی کے کارکن محمدعظیم کوفائرنگ کرکے شہید کردیا تھااورگزشتہ روزملیر کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے ایک اورکارکن سہیل سمیع کودہشت گردی کا نشانہ بناکرشہید کردیاجس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم کے کارکنان کودہشت گردی کا نشانہ بنانا کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی سازش ہے ۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیاکہ محمدعظیم اورسہیل سمیع کے قاتلوں کوگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے ۔انہوں نے سہیل سمیع شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے ۔(آمین)

## مصطفیٰ عزیز آبادی کی ہمشیرہ شائستہ کنول بنت احمد علی گزشتہ روز سید محمد عامر منظر کے ہمراہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں

## گورنر سندھ، سٹی ناظم کراچی، رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندوں کی شرکت

کراچی ۔۔۔22/جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے انچارج مصطفیٰ عزیز آبادی کی چھوٹی ہمشیرہ شائستہ کنول بنت احمد علی گزشتہ روز سید محمد عامر منظر کے ہمراہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں۔شائستہ کنول کی شادی کی تقریب کل بروز پیر کو گلشن اقبال میں منعقد ہوئی جس میں گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور کراچی کے ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال نے خصوصی طور پر شرکت کی اور دولہن دولہا سمیت دیگر عزیز رشتہ داروں کو مبارکباد دی۔شادی کی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی آنسہ ممتاز انوار، سینیٹر بابر خان غوری، سید شعیب احمد بخاری، عادل صدیقی، حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی، حق پرست نمائندے خالد بن ولایت، حق پرست ٹاؤن ناظمین واسع جلیل، احسن اللہ، ڈاکٹر ارشاد احمد اور نائب ٹاؤن ناظم شعیب اختر کے علاوہ دلہا اور دلہن کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن کی اہلیہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔22/جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن محمود مجید خان کی اہلیہ محترمہ روبی محمود کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆